اورل کینسر

شوکت خانم
میموریل کینسر ہسپتال
اینڈ ریسرچ سینٹر

MISSION STATEMENT

To act as a model institution to alleviate the suffering of patients with cancer through the application of modern methods of curative and palliative therapy irrespective of their ability to pay, the education of health care professionals and the public and perform research into the causes and treatment of cancer.

Shaukat Khanum Memorial Cancer Hospital and Research Centre
Lahore: 7-A Block R-3, Johar Town, Lahore, Pakistan
Tel: +92 42 359 5000 | UAN: 042 111 155 555
Peshawar: 5-B, Sector A-2, Phase V, Hayatabad, Peshawar, Pakistan
Tel: +92 91 588 5000 | UAN: 091 111 155 555
www.shaukatkhanum.org.pk

اس طرح کے کینسر کا علاج کیا ہے؟

بہتر علاج اور مکمل صحت یابی کے زیادہ امکانات کیلئے کینسر کی بروقت تشخیص نہایت اہم ہے۔ منہ کے کینسر کا کئی طریقوں سے علاج ہو سکتا ہے۔

سرجری سب سے عام طریقہ علاج ہے جس کے ذریعے ٹیومر کو منہ سے نکالا جاتا ہے اور مزید یہ کہ اس طریقے سے لمف ناڈز **(Lymph nodes)** کو گردن سے باہر نکالا جاتا ہے۔ انتہائی طاقتور ریڈی ایشن شعاعوں کے استعمال سے کینسر زدہ خلیوں کو تلف کرنا یعنی ریڈی ایشن تھراپی بھی استعمال کی جاتی ہے۔ منہ کے کینسر کے علاج کیلئے دونوں اقسام یعنی اندرونی اور بیرونی ریڈی ایشن تھراپی کا استعمال کیا جاتا ہے۔ اندرونی ریڈی ایشن میں ریڈیو ایکٹیو **(Radio active)** مواد کو ٹشو میں بذریعہ سوئی، چھوٹے ذرات یا پتلی پلاسٹک ٹیوبز کے ذریعے پہنچایا جاتا ہے جبکہ بیرونی ریڈی ایشن میں مشین کا استعمال کیا جاتا ہے۔ کیموتھراپی ایک اور طریقہ علاج ہے جس میں کینسر کش ادویات کے استعمال کے ذریعے کینسر زدہ خلیوں کو ختم کیا جاتا ہے۔

منہ کے کینسر سے بچنے کیلئے کیا کرنا چاہیئے؟

اپنے ڈینٹسٹ سے دانتوں کا سالانہ معائنہ کروائیں۔ سگریٹ نوشی اور تمباکو کے استعمال سے اجتناب کریں۔ پان اور الکوحل ملے مشروبات کا استعمال نہ کریں۔ صحت مند خوراک کا استعمال کریں جس میں پھلوں اور سبزیوں کی مقدار کو بڑھائیں اور گوشت کی مقدار کو کم رکھیں۔ کسی بھی قسم کی علامات ظاہر ہونے پر فوراً اپنے ڈاکٹر سے رجوع کریں۔

پاکستان میں مردوں اور عورتوں میں پائے جانے والی کینسر کی دس عام ترین اقسام میں سے ایک منہ کا کینسر ہے۔

منہ کا کینسر کیا ہے؟

منہ کا کینسر، منہ کے اندرونی حصے یا اوروفیرنکس **(Oropharynx)** یعنی حلق جو کہ منہ کا آخری حصہ ہوتا ہے، میں پایا جاتا ہے۔ ہونٹ، گال، سالیوری گلینڈز **(Salivary glands)** منہ کا اوپر والا یا پچھلہ حصہ اور زبان کے نیچے والا حصہ، یہ سب اورل کیویٹی **(Oral cavity)** اور اوروفیرنکس **(Oropharynx)** کے حصے ہیں۔

منہ کا کینسر اورل کیویٹی **(Oral cavity)** یا اوروفیرنکس **(Oropharynx)** میں ہوسکتا ہے جو کہ زیادہ تر زبان اور منہ کے نچلے حصے سے شروع ہوتا ہے۔

منہ کے کینسر کی علامات کیا ہوتی ہیں؟

منہ کے کینسر کی عمومی علامات میں ہونٹ یا منہ میں نہ بھرنے والا زخم ہونا، مسوڑوں یا منہ کی حدود پر سفید یا سرخ دھبے، ہونٹوں پر، منہ یا حلق میں کسی قسم کی گلٹی ہو جانا، منہ سے خون آنا اور تکلیف کی شکایت ہونا، جبڑے کی سوزش، کان میں درد، آواز میں تبدیلی، گلے کا دائمی طور پر بیٹھنا، ایسا محسوس ہونا کہ حلق میں کچھ پھنس گیا ہو اور چبانے یا نگلنے میں تکلیف یا مشکل پیش آنا شامل ہیں۔

زیادہ تر یہ علامات کینسر کی وجہ سے نہیں ہوتیں، اگر آپ کو ان میں سے کسی ایک علامت کا بھی سامنا ہو تو فوراً اپنے ڈاکٹر یا ڈینٹسٹ سے رجوع کریں تا کہ مرض کی جلد سے جلد تشخیص و علاج ممکن ہو سکے۔

منہ کے کینسر کے حوالے سے کون سے خطرات لاحق ہوسکتے ہیں؟

اگر چہ منہ کے کینسر کی کوئی حتمی وجہ نہیں بتائی جا سکتی لیکن اس حوالے سے درج ذیل عوامل خطرات کا باعث بن سکتے ہیں۔

X1 تمباکو:

سگریٹ، سگار، پائپ، حقہ اور شیشہ وغیرہ یا دھویں کے بغیر استعمال ہونے والے تمباکو کا کثرت سے استعمال منہ کے کینسر کی وجہ بن سکتا ہے۔

X2 پان اور چھالیہ:

پان کھانا، خصوصاً اس میں استعمال ہونے والے لوازمات یعنی کتھا اور چونا وغیرہ کا استعمال بھی منہ کے کینسر کی وجہ ثابت ہوسکتا ہے۔

X3 الکوحل کا کثرت سے استعمال:

اگر آپ کثرت سے الکوحل ملے مشروبات کا استعمال کرتے ہیں تو آپکو منہ کا کینسر ہونے کا خطرہ زیادہ ہے۔

X4 خوراک:

بعض مشاہدات سے واضح ہوتا ہے کہ پھلوں اور سبزیوں کا خوراک میں کم مقدار میں استعمال بھی منہ کے کینسر کی وجہ بن سکتا ہے۔

منہ کے کینسر کا پتہ چلانے کیلئے کون سے ٹیسٹ کرانے چاہئیں؟

آپ کا ڈاکٹر سب سے پہلے آپ کا جسمانی معائنہ کرے گا اور آپکے منہ اور حلق میں کینسر سے متعلق شواہد اکٹھے کرے گا۔ ڈاکٹر متاثرہ حصے سے ٹشو کا ایک چھوٹا سا نمونہ بھی لے سکتا ہے تا کہ خوردبینی جائزہ لے کر کینسر زدہ خلیوں کا پتہ چلایا جا سکے۔

آپ کو چھاتی کا ایکس رے، دانتوں کا ایکس رے، سی ٹی سکین یا ایم آر آئی کروانے کا بھی کہا جا سکتا ہے تا کہ یہ معلوم کیا جا سکے کہ کینسر کس حد تک پھیل چکا ہے۔



Robert Morreale/Visual Explanations, LLC

© 2004 American Society of Clinical Oncology
Reprinted with permission from www.cancer.net.
© 2012 American Society of Clinical Oncology. All Rights Reserved.